**Code -71**

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو کلچر اسٹڈیز)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گی جگہ اُمیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوالنامہ (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔
3. سوالنامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔
حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار اختیارات ہیں۔ امیدوار کو صحیح جواب کا انتخاب کرنا ہوگا اور OMR شیٹ پر **نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم** کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کرنا ہوگا۔ ہر سوال میں ایک نشان ہوتا ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے خلاف صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد ہوں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیئے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوالنامہ لے جا سکتے ہیں۔
OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کردیں۔

***

Code -71

## Part A
## Section 1 – Research Methodology

1. تحقیق کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی (B) فارسی

(C) ترکی (D) اردو

2. حق گوئی محقق کے کن اوصاف میں شامل ہے؟

(A) ذہنی اوصاف (B) اخلاقی اوصاف

(C) علمی اوصاف (D) ادبی اوصاف

3. 'جدید اردو تنقید اصول و نظریات' کس مصنف کی کتاب ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) احتشام حسین

(C) شارب ردولوی (D) پروفیسر قمر رئیس

4. 'اردو میں بارہ ماسہ کی روایت، مطالعہ و متن' کس محقق کی تصنیف ہے؟

(A) نورالحسن ہاشمی (B) پروفیسر محمود الٰہی

(C) نورالحسن نقوی (D) تنویر احمد علوی

5. 'کلیاتِ ولی' کے مرتب کا نام بتایئے۔

(A) نصیرالدین ہاشمی (B) پروفیسر عبدالقادر سروری

(C) نورالحسن ہاشمی (D) پروفیسر نسیم احمد

6. 'اردو میں لوک ادب' کتاب کو کس ناقد نے ایڈٹ کیا ہے؟

(A) پروفیسر قمر رئیس (B) پروفیسر عنوان چشتی

(C) پروفیسر عبدالحق (D) پروفیسر احتشام حسین

7. ''تحقیق کسی امر کو اس کی اصل شکل میں دریافت کرنے کا نام ہے'' یہ کس محقق کا قول ہے؟

(A) رشید حسن خان
(B) امتیاز علی عرشی
(C) حافظ محمود شیرانی
(D) قاضی عبدالودود

8. ''تدوین متن منشائے مصنف کی بازیافت کا نام ہے''، کس محقق نے تدوین متن کی یہ تعریف کی ہے؟

(A) ڈاکٹر جمیل جالبی
(B) مسعود حسن رضوی ادیب
(C) حنیف نقوی
(D) رشید حسن خان

9. کس محقق نے 'خطباتِ آزاد' کی تدوین کا فریضہ انجام دیا؟

(A) مختار الدین احمد
(B) مالک رام
(C) پروفیسر ظفر احمد صدیقی
(D) مشفق خواجہ

10. 'ادبی اور لسانی تحقیق اصول اور طریقِ کار' کے مرتب کا نام کیا ہے؟

(A) پروفیسر عبدالستار دلوی
(B) مرزا خلیل احمد بیگ
(C) گیان چند جین
(D) گوپی چند نارنگ

11. 'دخمہ' افسانوی مجموعہ کس افسانہ نگار سے منسوب ہے؟

(A) بیگ احساس
(B) نورالحسنین
(C) طارق چھتاری
(D) مظہر الزماں خان

12. 'ادب اور زندگی' کس کی تصنیف ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی
(B) اطہر پرویز
(C) مجنوں گورکھپوری
(D) خواجہ احمد فاروقی

13. 'ادبی تحقیق مسائل اور تجزیہ' کس محقق کی تصنیف ہے؟

(A) قاضی عبدالودود
(B) مولوی عبدالحق
(C) رشید حسن خان
(D) امتیاز علی عرشی

14. ترقیمہ کسے کہتے ہیں؟

(A) مخطوطہ کے آخر میں کاتب، فرمائش کنندہ، سنہ کتابت لکھنے کو
(B) متن میں موجود مشکل عبارت کی توضیح کو
(C) متن کا خلاصہ لکھنے کو
(D) مخطوطہ کی کیفیت بیان کرنے کو

15. مخطوطہ کے سلسلے میں درج ذیل اقوال میں سے کون سا قول درست ہے؟

(A) خطوط کا مجموعہ
(B) مطبوعہ تحریر
(C) تحقیق کے موضوع پر کوئی کتاب
(D) قلمی یا خطی نسخہ

16. جس مخطوطہ یا کتاب کے ابتدائی اور آخری حصے نامکمل ہوں، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ناقص الاوسط
(B) ناقص الآخر
(C) ناقص الطّرفین
(D) ناقص الاول

17. سندی تحقیق کے سلسلے میں درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) اس کے لیے متعین وقت نہیں ہوتا
(B) اس میں نگراں کی ضرورت نہیں ہوتی
(C) اسے کئی محققین مل کر مکمل کرتے ہیں
(D) اس کے لیے یونیورسٹی ڈگری فراہم کی جاتی ہے

18. تحریف کے ضمن میں کون سا قول صحیح ہے؟

(A) ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ لانا
(B) اعراب میں تبدیلی لانا
(C) جملے بدل دینا
(D) ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف رکھنا

19. تحقیقی مواد کی جمع آوری میں مندرجہ ذیل ذرائع میں سے سب سے مفید کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟

(A) سوشل میڈیا
(B) ذاتی کتب خانہ
(C) کتابوں کی دکانیں
(D) کسی یونیورسٹی کی لائبریری

20. تحقیق کی تعریف درج ذیل میں سے سب سے بہتر کیا ہو سکتی ہے؟

(A) تحقیق سچ کی تلاش ہے
(B) تحقیق چھان بین کو کہتے ہیں
(C) پوشیدہ باتوں کا اظہار ہے
(D) کسی شے کی حقیقت کا انکشاف ہے

21. متن کا بہتر متبادل لفظ درج ذیل میں سے کیا ہے؟

(A) الفاظ
(B) مقولہ
(C) جملہ
(D) عبارت

22. موضوع کے انتخاب کے سلسلے میں درج ذیل میں سے کس قول پر عمل کرنا چاہیے

(A) نگراں کے ذریعہ منتخبہ موضوع پر تحقیقی کام کرنا چاہیے
(B) جس موضوع پر آسانی سے مواد مل سکے
(C) جس موضوع پر کام کرنے سے مالی منفعت حاصل ہو
(D) ریسرچ اسکالر کی دل چسپی کا موضوع منتخب کرنا چاہیے

23. تحقیق کے سلسلے میں سب سے اہم اور مرکزی نکتہ کیا ہوتا ہے؟

(A) موضوع کا انتخاب
(B) مواد کی جمع آوری
(C) نگراں سے مشورہ
(D) مفروضہ قائم کرنا

24. اقتباس نقل کرتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟
(A) مسجّع و مقفیٰ جملوں کو نقل کرنا چاہیے
(B) کسی بڑے محقق کی کتاب سے اقتباس نقل کرنا چاہیے
(C) کسی انشائیہ پرداز کے جملوں کو نقل کرنا چاہیے
(D) مضمون سے متعلق مفید، دل چسپ اور پُر اثر تحریر کا

25. 'اردو شہ پارے' کس مصنف کی کتاب ہے؟
(A) مسعود حسین خان
(B) نصیرالدین ہاشمی
(C) حکیم سید شمس اللہ قادری
(D) محی الدین قادری زور

## Section 2

## Urdu Culture Studies

26. عزاداری اور مرثیہ گوئی کی روایت کا آغاز کس خطے سے ہوا؟
(A) عظیم آباد سے
(B) دہلی سے
(C) لکھنؤ سے
(D) دکن سے

27. چہاربیت کا تعلق درج ذیل میں سے کس ادب سے ہے؟
(A) رثائی ادب
(B) حکائی ادب
(C) سوانحی ادب
(D) تخلیقی ادب

28. قطبن، منجھن اور جائسی کو کس وجہ سے شہرت حاصل ہے؟
(A) مرثیہ گوئی کی وجہ سے
(B) رباعی نویسی کی وجہ سے
(C) بارہ ماسہ کی وجہ سے
(D) داستان گو کی حیثیت سے

Code -71

29. کجری گیتوں کا شمار کس طرح کے گیت میں ہوتا ہے ؟

(A) موسمی گیتوں میں
(B) شادی بیاہ کے گیتوں میں
(C) ڈھولک کے گیتوں میں
(D) فلمی گیتوں میں

30. کس ناقد نے داستان کو زبانی بیانیہ کا فن قرار دیا ہے ؟

(A) گوپی چند نارنگ
(B) شمس الرحمٰن فاروقی
(C) کلیم الدین احمد
(D) آل احمد سرور

31. درج ذیل داستانوں میں سے کون سی داستان فورٹ ولیم کالج کے زیر اہتمام نہیں لکھی گئی ؟

(A) بوستانِ خیال
(B) باغ و بہار
(C) آرائشِ محفل
(D) داستانِ امیر حمزہ

32. 'فسانۂ عجائب' کی تدوین کا عمل کس محقق نے انجام دیا؟

(A) مسعود حسن رضوی ادیب
(B) مسعود حسن خان
(C) حافظ محمود شیرانی
(D) رشید حسن خان

33. 'گزشتہ لکھنؤ' میں عبدالحلیم شرر نے کس موضوع کو پیش کیا ہے ؟

(A) لکھنؤ میں لکھی گئیں داستانوں کو
(B) لکھنؤ کے کلاسیکی شعرا کی شاعری کو
(C) لکھنؤ کی قدیم تہذیب و ثقافت کو
(D) لکھنؤ کے قدیم نثر نگاروں کی نثری خدمات کو

34. کس شہر کو 'عطر کی راجدھانی' کہا جاتا ہے ؟

(A) امروہہ
(B) کانپور
(C) اعظم گڑھ
(D) قنّوج

35. ستار کی ایجاد کا سہرا کس شاعر کے سر جاتا ہے ؟

(A) سلطان حسین شرقی
(B) حضرت امیر خسرو
(C) تان سین
(D) پنڈت روی شنکر

36. فلم 'راجا ہریش چندر' کس فلم ساز کی خاموش فلم ہے؟

(A) ستیہ جیت رے
(B) دادا صاحب پھالکے
(C) اردشیر ایرانی
(D) ہمانشو رائے

37. سب سے پہلی متکلم فلم کا نام کیا ہے؟

(A) عالم آرا
(B) ستیہ وان ساوتری
(C) لنکا دہن
(D) شری کرشن جنم

38. فلم 'مغل اعظم' کی ہدایت کاری کا سہرا کس فلم ساز کے سر جاتا ہے؟

(A) کمال امروہی
(B) کے۔آصف
(C) محبوب خان
(D) نِتن بوس

39. فلم 'مدر انڈیا' کس فلم ساز کے ڈائرکشن میں تیار کی گئی تھی؟

(A) کے۔آصف
(B) نِتن بوس
(C) محبوب خان
(D) گرُودت

40. 'قومی تہذیب کا مسئلہ' کتاب کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) محمد مجیب
(B) ممتاز حسین
(C) جمیل جالبی
(D) سید عابد حسین

41. ہندوستانی تہذیب و ثقافت پر کس ملک کی تہذیب و ثقافت کے اثرات نمایاں ہیں؟

(A) سعودی عرب
(B) ایران
(C) تاجکستان
(D) بنگلہ دیش

42. اظہر علی فاروقی درج ذیل کتابوں میں سے کس کتاب کے مصنف ہیں؟

(A) اُتر پردیش کے لوک گیت
(B) قدیم لکھنؤ کی آخری بہار
(C) لکھنؤ کا شاہی اسٹیج
(D) اردو قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ

43. کچی پوڑی رقص کا تعلق کس ریاست سے ہے؟

(A) کیرالا
(B) آندھرا پردیش
(C) کرناٹک
(D) مدھیہ پردیش

44. کس مغلیہ بادشاہ کے عہد میں ہند ایرانی طرز تعمیر کو فروغ حاصل ہوا؟

(A) بابر
(B) جہاں گیر
(C) شاہ جہاں
(D) اکبر

45. 'اردو ڈراما کا ارتقا' کتاب کے مصنف درج ذیل میں سے کون ہیں؟

(A) محمد شاہد حسین
(B) عشرت رحمانی
(C) ڈاکٹر عابد حسین
(D) محمد مجیب

46. 'ہماری لوک کہانیاں' کس ادیب کی یادگار ہے؟

(A) دیوندر ستیار تھی
(B) اظہر علی فاروقی
(C) غلام عمر
(D) نخشب مسعود

47. پریم پال اشک درج ذیل میں کس کتاب کے مصنف ہیں؟

(A) ادب سے فلم تک
(B) ہندوستانی سنیما کے پچاس سال
(C) ہماری اردو فلمیں
(D) ہندی فلموں کا زریں دور

Code -71

48. ہندوستان میں فنِّ خطاطی کا عروج کس عہد میں حاصل ہوا؟

(A) عہدِ قدیم میں (B) دورِ سلطنت میں

(C) عہد مغلیہ میں (D) جدید عہد میں

49. اردو رسم الخط کے لیے درج ذیل میں سے کس خط کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) خطِ نسخ (B) خطِ رقاع

(C) خطِ دیوانی (D) خطِ نستعلیق

50. 'آگرہ بازار' ڈراما کس فن کار کی تخلیق ہے؟

(A) امتیاز علی تاج (B) حبیب تنویر

(C) محمد حسن (D) پروفیسر محمد مجیب

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all the four questions** **20Marks**

### Research Methodology

1. اردو میں تحقیق کی روایت پر روشنی ڈالیے۔
2. تدوینِ متن آزادی کے بعد، کے موضوع پر اظہار خیال کیجیے۔

### Urdu Culture Studies

3. ہندوستانی تہذیب و ثقافت کے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
4. اردو میں لوک ادب کی روایت، پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

***

## Rough Work

## Rough Work